PDF Compressor Free Version

حصۂ پنجم (بنات)

# تربیتی نِصاب

## برائے مَکاتِب قرآنیہ (ناظرہ)

مکتب میں پڑھنے والے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے

① قرآن کریم کا نصاب ② ایمانیات و عبادات ③ احادیث و مسنون دعائیں

④ سیرت و اخلاق و آداب ⑤ عربی اور اُردو زبان

پر مشتمل ایک مختصر اور آسان نصاب



جمع و ترتیب

علمائے کرام مکتب تعلیم القرآن الکریم

دعائیہ کلمات
حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم
رئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

زیر سرپرستی
حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم
صدر دارالعلوم کراچی

PDF Compressor Free Version



# تربیتی نصاب حصہ پنجم کا خاکہ

| | | |
|---|---|---|
| قرآن کریم | حفظ سورۃ | سُوْرَةُ الشَّمْسِ تا سُوْرَةُ الْفَجْرِ، اٰيَةُ الْكُرْسِيْ۔ |
| | ناظرہ | بارہ پارے (مکمل) قَدْ اَفْلَحَ تا تَبٰرَكَ الَّذِيْ۔ |
| ایمانیات و عبادات | کلمے | دہرائی۔ کلمہ ردّ کفر۔ |
| | عقائد | مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم۔ |
| | طہارت حیض کے مسائل، نماز و دیگر عبادات | • جمعہ • سجدہ سہو • سجدہ تلاوت • تراویح • عیدین • تکبیر تشریق • نماز جنازہ۔<br>• زکوٰۃ • روزہ • اعتکاف • حج۔ |
| احادیث و مسنون دعائیں | آٹھ احادیث ترجمے کے ساتھ | گزشتہ کی دہرائی۔ • نبی کی محبت۔ • زکوٰۃ کی فضیلت۔<br>• حج کی فضیلت۔ • گانے کا نقصان۔ • کفار کے ساتھ مشابہت کا انجام۔<br>• جھوٹا دعوٰی کرنے کا نقصان۔ • حسد اور دشمنی کی ممانعت۔ • کامل مسلمان کون۔ |
| | (۸) مسنون دعائیں | گزشتہ کی دہرائی۔ • ہدایت و تقوٰی مانگنے کی دعا۔ • نفاق اور بری عادتوں سے پناہ مانگنے کی دعا۔<br>• جب کسی کو رخصت کرنے لگے تو یہ دعا دیں۔ • جب کسی منزل پر ٹھہرنے لگیں تو یہ دعا دیں۔<br>• جب بازار جائیں تو یہ دعا مانگیں۔ • جب بارش ہونے لگے تو یہ دعا مانگیں۔<br>• قبرستان میں داخل ہونے کی دعا۔ • جامع دعا |
| سیرت و اخلاق و آداب | سیرت خلفاء | • حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔ • حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ۔<br>• حضرت علی رضی اللہ عنہ کی زندگی کے حالات۔ |
| | اخلاق و آداب | پردہ۔ مجلس کے آداب۔ راستے کے آداب۔ قناعت۔ حسد۔ غیبت۔ شرم و حیا اور دوستی۔ |
| زبان | عربی | عربی زبان میں اکیاسی سے سو تک گنتی، باورچی خانہ، سبزیاں، سوال و جواب۔ |
| | اردو | حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا واقعہ۔ سوال و جواب کی صورت میں اسلامی معلومات۔ |
| بیان | بیان و دعا | ایک بیان اور تین قرآنی دعائیں۔ |

PDF Compressor Free Version



# فہرست مضامین


| | |
|---|---|
| کلمات تبریک (حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ) | 6 |
| دعائیہ کلمات (حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب مدظلہ) | 7 |
| تقریظ (حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہ العالی) | 8 |
| تقریظ (حضرت مولانا حافظ فضل الرحیم صاحب مدظلہ العالی) | 9 |
| مقدمہ | 10 |
| نظام الاوقات | 12 |
| حمد | 13 |
| نعت | 14 |
| ناظرہ قرآن کریم کا نصاب | 15 |
| حفظ سورۃ کا نصاب | 17 |
| **ایمانیات** | |
| گزشتہ کی دہرائی | 19 |
| کلمۂ ردِّ کفر | 23 |
| مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا | 24 |
| صحابہ کرام رضی اللہ عنہم | 25 |
| **عبادات** | |
| حیض کا بیان | 26 |
| حیض کے احکام | 26 |
| جمعہ کا بیان | 28 |
| سجدہ سہو | 28 |
| سجدہ تلاوت | 29 |
| تراویح کی نماز | 30 |
| عیدین کا بیان | 31 |

| | |
|---|---|
| عید کی سنتیں | 32 |
| تکبیر تشریق | 32 |
| نماز جنازہ کا بیان | 32 |
| زکوٰۃ | 32 |
| روزہ | 34 |
| روزے کے مفسدات | 34 |
| اعتکاف | 36 |
| حج | 36 |
| حج کے فرائض | 36 |
| حج کے واجبات | 37 |
| **احادیث** | |
| گزشتہ کی دہرائی | 38 |
| نبی کی محبت | 47 |
| زکوٰۃ کی فضیلت | 47 |
| حج کی فضیلت | 48 |
| گانے کا نقصان | 48 |
| کفار کے ساتھ مشابہت کا انجام | 48 |
| جھوٹا دعویٰ کرنے کا نقصان | 49 |
| حسد اور دشمنی کی ممانعت | 49 |
| کامل مسلمان کون | 49 |
| **مسنون اذکار و دعائیں** | |
| گزشتہ کی دہرائی | 50 |
| ہدایت و تقویٰ مانگنے کی دعا | 63 |
| نفاق اور بری عادتوں سے پناہ مانگنے کی دعا | 64 |

PDF Compressor Free Version

# فہرست


| | |
|---|---|
| جب کسی کو رخصت کرنے لگیں تو یہ دعا دیں | 64 |
| جب کسی منزل پر ٹھہرنے لگیں تو یہ دعا مانگیں | 64 |
| جب بازار میں جائیں تو یہ دعا مانگیں | 65 |
| جب بارش ہونے لگے تو یہ دعا مانگیں | 65 |
| قبرستان میں داخل ہونے کی دعا | 66 |
| جامع دعا | 66 |
| **سیرت خلفاء** | |
| حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ | 67 |
| حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قبول اسلام | 67 |
| حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی ہجرت | 68 |
| حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافت | 69 |
| بیت المقدس کی فتح | 69 |
| حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی شہادت | 70 |
| حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ | 71 |
| حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خلافت | 73 |
| حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت | 74 |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ | 75 |
| خیبر کی فتح | 75 |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت | 76 |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت | 77 |
| **اخلاق وآداب** | |
| پردہ | 78 |
| مجلس کے آداب | 79 |
| راستے کے آداب | 81 |
| قناعت | 81 |

| | |
|---|---|
| حسد | 83 |
| غیبت | 84 |
| شرم وحیا | 85 |
| دوستی | 87 |
| **عربی زبان** | |
| اَلْاَعْدَادُ (گنتی) | 89 |
| اَلْمَطْبَخُ (باورچی خانہ) | 91 |
| اَلْخَضْرَوَاتُ (سبزیاں) | 91 |
| سوال وجواب | 92 |
| **اردو زبان** | |
| حضرت ابراہیم علیہ السلام | 94 |
| حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قوم کو دعوت دینا | 95 |
| حضرت ابراہیم علیہ السلام کا نمرود کو دعوت دینا | 96 |
| حضرت ابراہیم علیہ السلام کا بتوں کو توڑنا | 96 |
| حضرت ابراہیم علیہ السلام کو سزا دینے کی تجویز | 98 |
| حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ہجرت | 99 |
| زمزم کا کنواں | 99 |
| تاریخ انسانیت کی عظیم قربانی | 100 |
| خانہ کعبہ کی تعمیر | 101 |
| سوال وجواب کی صورت میں اسلامی معلومات | 102 |
| **بیان ودعا** | 105 |
| اعمال چارٹ | 107 |
| سوالات | 133 |
| حوالہ جات | 137 |
| طالب علم کی نماز کی ڈائری | 142 |
| رمضان چارٹ | 147 |
| ماہانہ حاضری وفیس چارٹ | 148 |

PDF Compressor Free Version



# سبق: ۴ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم

📖 **صحابی:** جس نے ایمان کی حالت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہو یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا ہو اور ایمان کی حالت میں اس کی وفات ہوئی ہو، اسے "صحابی" کہتے ہیں۔

📖 تمام انسانوں میں سب سے افضل انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام ہیں۔

📖 ان کے بعد سب سے افضل صحابہ رضی اللہ عنہم ہیں۔

☆ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں جگہ جگہ صحابہ کرام کی تعریف فرمائی ہے اور یہ ارشاد فرمایا:

"رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ۔" (۱۹)

"اللہ ان سے راضی ہو گیا اور وہ اللہ سے راضی ہو گئے۔"

☆ یہی وجہ ہے کہ جب بھی کسی صحابی کا نام لیا جاتا ہے تو اس کے ساتھ "رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ" کہا جاتا ہے۔

📖 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"میرے صحابہ کے بارے میں اللہ سے ڈرو۔ میرے دنیا سے چلے جانے کے بعد تم لوگ صحابۂ کرام کی برائیاں نہ کرنا، جس نے ان سے محبت کی اس نے میری محبت کی وجہ سے ان سے محبت کی اور جس نے ان سے نفرت کی اس نے مجھ سے نفرت کی وجہ سے ان سے نفرت کی۔" (۲۰)

📖 صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں سب سے زیادہ فضیلت والے صحابی چار ہیں:

1. حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ
2. حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ
3. حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ
4. حضرت علی رضی اللہ عنہ

☆ ہمیں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے حالات پڑھنے چاہیے، ان سب سے محبت کرنی چاہیے اور ان سب کے بارے میں اچھا گمان رکھنا چاہیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سبق: ۵ | چوتھے مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلمہ | | دستخط سرپرست | |

PDF Compressor Free Version



## تراویح کی نماز کا طریقہ:

☆ عشا کے فرض اور سنت پڑھنے کے بعد تراویح کی نیت سے دو دو رکعت کر کے دس سلاموں کے ساتھ بیس رکعتیں پڑھی جاتی ہیں۔(۳)

☆ تراویح کی ہر چار رکعت کے بعد تھوڑی دیر بیٹھنا مستحب ہے۔ بہتر یہ ہے کہ اس وقفے کے درمیان بھی بیٹھے بیٹھے تسبیح اور ذکر وغیرہ میں مشغول رہا جائے۔(۴)

# عیدین کا بیان

اسلام نے سال میں خوشی منانے کے دو دن رکھے ہیں:

1. "عِیْدُ الْفِطْر" جو شوال کی پہلی تاریخ کو ہوتی ہے۔
2. "عِیْدُ الْاَضْحٰی" جو ذی الحجہ کی دسویں تاریخ کو ہوتی ہے۔

☆ عید کی راتیں عبادت کی راتیں ہیں ان میں خوب عبادت کریں فضول، بے کار وقت نہ گزاریں۔

دونوں عیدوں میں دو دو رکعت نماز بطور شکرانہ ادا کرنا مردوں پر واجب ہے، عورتوں پر واجب نہیں ہے۔(۱)

☆ عورتیں عید کی نماز کے لیے عید گاہ یا مسجد میں نہ جائیں اور گھر میں بھی عید کی نماز نہ پڑھیں۔(۲)

☆ عید کے دن عید کی نماز سے پہلے عورتوں کے لیے گھر میں نفل نماز پڑھنا مکروہ ہے البتہ عید کی نماز کے بعد گھر میں نفل نماز مکروہ نہیں ہے۔(۳)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سبق: ۵ | ساتویں مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلمہ | | دستخط سرپرست | |

PDF Compressor Free Version



# سبق: ۵

(۳۸)

## جھوٹا دعویٰ کرنے کا نقصان

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنِ ادَّعٰى مَا لَيْسَ لَهٗ فَلَيْسَ مِنَّا۔" (۳۹)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"جو دعویٰ کرے اس چیز کا جو اس کی نہ ہو وہ ہم (مسلمانوں) میں سے نہیں۔"

(۳۹)

## حسد اور دشمنی کی ممانعت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "لَا تَحَاسَدُوْا وَلَا تَبَاغَضُوْا۔" (۴۰)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ حسد نہ کرو اور ایک دوسرے کے لیے دشمنی نہ رکھو۔"

(۴۰)

## کامل مسلمان کون؟

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

"اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ۔" (۴۱)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"مسلمان تو وہی ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں"۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سبق: ۵ | پانچویں مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلمہ | | دستخط سرپرست | |

PDF Compressor Free Version



۲۹

## جب سورج نکلے تو یہ دعا پڑھیں

📖 ”اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَقَالَنَا یَوْمَنَا هٰذَا وَلَمْ یُهْلِكْنَا بِذُنُوْبِنَا۔“ (۳۶)

☆ ترجمہ: ”تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، جس نے ہمیں معاف فرما کر یہ دن ہمیں عطا فرمایا اور ہمیں ہمارے گناہوں کے سبب ہلاک نہیں کیا۔“

۳۰

## جب نیا چاند دیکھیں تو یہ دعا مانگیں

📖 ”اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّیْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ“ (۳۷)

☆ ترجمہ: ”اے اللہ! اس چاند کو ہمارے اوپر خیر و برکت، ایمان، سلامتی اور اسلام کے ساتھ طلوع فرما (اے چاند!) میرا اور تیرا رب اللہ ہی ہے۔“

۳۱

## خوشی کے موقع پر کہیں

📖 ”اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ“۔ (۳۸)

☆ ترجمہ: ”تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں، جس کے فضل سے تمام کام پورے ہوئے ہیں۔“

۳۲

## پریشانی کے موقع پر کہیں

📖 ”اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی كُلِّ حَالٍ۔“ (۳۹)

☆ ترجمہ: ”تمام تعریفیں ہر حال میں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں۔“

PDF Compressor Free Version



# سبق: ۳ حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ

- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ آپ "قریش" کی شاخ بنوامیہ سے تعلق رکھتے تھے۔
- حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے والد کا نام عفان تھا۔
- ☆ آپ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی زاد بہن کے بیٹے تھے۔
- آپ رضی اللہ عنہ اسلام لانے والے چوتھے شخص ہیں یعنی آپ رضی اللہ عنہ سے پہلے صرف تین شخص اسلام لائے تھے۔[۱]
- ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا آپ رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں۔
- جب ان کا انتقال ہوگیا تو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دوسری بیٹی حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا نکاح بھی آپ رضی اللہ عنہ سے کر دیا۔
- اس طرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دو بیٹیاں آپ رضی اللہ عنہ کے نکاح میں آئیں، اسی لیے آپ رضی اللہ عنہ کو **ذُوالنُّورَیْن** (دو نور والا) کہا جاتا ہے۔[۲]
- آپ رضی اللہ عنہ نے حبشہ اور مدینہ دونوں کی ہجرت کی۔
- ☆ اللہ تعالیٰ نے آپ رضی اللہ عنہ کو بہت مال دیا تھا۔ مال و دولت کی کثرت کی وجہ سے آپ کا لقب **"غنی"** (دولت مند) تھا لیکن آپ کے دل میں مال کی محبت نہیں تھی۔
- ☆ آپ رضی اللہ عنہ نے اپنی دولت کو اللہ تعالیٰ کے راستے میں خوب خرچ کیا۔

PDF Compressor Free Version



# اخلاق وآداب

📖 **اخلاق:** ایک انسان کے اندر جو اچھی صفات ہونی چاہئیں (سچائی، امانت داری، سخاوت وغیرہ) اور جن بری عادتوں سے پاک وصاف ہونا چاہیے (جھوٹ، غیبت وغیرہ) ان کو "اخلاق" کہتے ہیں۔

📖 **آداب:** اسلام نے ہمیں رہنے سہنے، کھانے پینے وغیرہ کے جو اصول بتائے ہیں ان کو "آداب" کہتے ہیں۔

## سبق:٦ پردہ

☆ پردہ عورت کا زیور ہے، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کو پردہ کا حکم دے کر عزت اور شرافت عطا فرمائی ہے۔

☆ گھر سے کبھی بھی بغیر پردہ کے نہیں نکلنا چاہیے۔ نامحرم کے سامنے کبھی بھی بغیر پردہ کے نہیں جانا چاہیے۔

### محرم رشتہ دار:

📖 وہ رشتہ دار جن سے نکاح کسی صورت میں کبھی بھی نہیں ہوسکتا وہ "محرم" کہلاتے ہیں ان سے پردہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

📖 باپ، دادا، بیٹا، پوتا، نانا، نواسا، بھائی، ماموں، بھانجا، چچا، بھتیجا، سسر، داماد ان کے علاوہ چھوٹے نابالغ بچے۔

### غیر محرم رشتہ دار:

📖 غیر محرم رشتہ دار جن سے پردہ ضروری ہے وہ یہ ہیں:

شوہر کے بھائی (دیور، جیٹھ) ماموں کا بیٹا، چچا کا بیٹا، خالہ کا بیٹا، پھوپھی کا بیٹا، پھوپھا، خالو، بہنوئی، نندوئی۔

PDF Compressor Free Version



# سبق: ۹ شرم وحیا

☆ اللہ تعالیٰ نے انسان کو تمام مخلوقات سے افضل بنا کر فطری خوبیوں سے نوازا ہے۔

☆ ان خوبیوں میں سے ایک خوبی شرم وحیا ہے۔

📖 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''ایمان کی ستر سے زیادہ شاخیں ہیں اور حیا ایمان کی ایک شاخ ہے۔''[۱]

📖 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''حیا اور ایمان ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں، جب ان میں سے ایک جاتا ہے تو دوسرا بھی چلا جاتا ہے۔''[۲]

☆ حیا ایک ایسی فطری خوبی ہے جو انسان کو بری باتوں اور ناپسندیدہ کاموں سے بچنے کے لیے تیار کرتی ہے اور کسی بھی حق والے کے حق کی ادائیگی میں کمی کرنے سے روکتی ہے۔[۳]

☆ حیا کی وجہ سے انسان نیک اعمال کا پابند رہتا ہے اور بہت سے گناہوں سے بچ جاتا ہے اور جب حیا چلی جاتی ہے تو نیک اعمال کرنا اور گناہوں سے بچنا مشکل ہو جاتا ہے۔[۴]

## شرم وحیا کے چند فائدے:

📖
1. شرم وحیا اللہ تعالیٰ کو پسند ہے۔
2. شرم وحیا ہر چیز کو مزین اور اچھا کر دیتی ہے۔[۵]
3. شرم وحیا خیر اور بھلائی ہی کو لاتی ہے۔[۶]
4. شرم وحیا اچھے کاموں کے کرنے پر ابھارتی ہے۔
5. شرم وحیا ہر برائی سے بچنے کا سبب بنتی ہے۔
6. شرم وحیا جنت میں جانے کا سبب بنتی ہے۔[۷]

PDF Compressor Free Version



# سبق:۲ اَلْاَعْدَادُ / گنتی

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَاحِدٌ وَّتِسْعُوْنَ | اکانوے | اِثْنَانِ وَتِسْعُوْنَ | بانوے |
| ثَلَاثَةٌ وَّتِسْعُوْنَ | ترانوے | اَرْبَعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ | چورانوے |
| خَمْسَةٌ وَّتِسْعُوْنَ | پچانوے | سِتَّةٌ وَّتِسْعُوْنَ | چھیانوے |
| سَبْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ | ستانوے | ثَمَانِيَةٌ وَّتِسْعُوْنَ | اٹھانوے |
| تِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ | ننانوے | مِائَةٌ | سو |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سبق:۲ | دوسرے مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلمہ | | دستخط سرپرست | |

PDF Compressor Free Version



# ۴ پڑوسی کے حقوق

**پڑوسی کا مطلب:**

1. جس کا گھر اپنے گھر سے ملا ہوا ہو۔
2. ایک منزل، ایک گلی میں رہتے ہوں۔
3. آپ کی ہم سبق درس گاہ میں ساتھ پڑھنے والی، وین میں آپ کے ساتھ آتی جاتی ہو، کسی جگہ آپ جا رہی ہیں ریل گاڑی میں، ہوائی جہاز میں آپ کے ساتھ ہو، یہ سب پڑوسی ہیں۔

☆ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول نے مسلمانوں کو پڑوسیوں کے ساتھ اچھائی کرنے کا حکم دیا ہے چاہے پڑوسی مسلمان ہو یا کافر، رشتہ دار ہو یا نہ ہو۔

**حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے پوچھا:**

"اے اللہ کے رسول! فلانی عورت کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ بہت زیادہ نماز پڑھنے والی، روزہ رکھنے والی اور صدقہ خیرات کرنے والی ہے (لیکن) اپنے پڑوسیوں کو اپنی زبان سے تکلیف دیتی ہے یعنی برا بھلا کہتی ہے۔"

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:**

"وہ دوزخ میں ہے۔"

**پھر اس شخص نے پوچھا:**

"اے اللہ کے رسول! فلانی عورت کے بارے میں یہ مشہور ہے کہ وہ نفلی روزہ، صدقہ، خیرات اور نماز میں تو کمی کرتی ہے بل کہ اس کا صدقہ و خیرات پنیر کے چند ٹکڑوں سے زیادہ نہیں ہوتا لیکن اپنے پڑوسیوں کو اپنی زبان سے کوئی تکلیف نہیں دیتی۔"

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:**

"وہ جنت میں ہے۔"

ہم سب پکی نیت کر لیں کہ اپنی پڑوسنوں کا خیال رکھیں گی اور انھیں کبھی بھی نہیں ستائیں گی۔ ان شاء اللہ

PDF Compressor Free Version



# حوالہ جات

## ایمانیات

(۱) جامع الصغیر:۱/۲۸۸،الرقم۳۱۸۲
(۲) جامع الترمذی: الطھارۃ، باب فی ما یقال بعد الوضوء، الرقم:۵۵
(۳) جامع الصغیر:۱/۳۱۸،الرقم:۳۳۷۹
(۴) جامع الترمذی، الدعوات، باب ما یقول اذا دخل السوق، الرقم:۳۴۲۸
(۵) صحیح البخاری، باب افضل الاستغفار، الرقم:۶۳۰۶
(۶) تعلیم الاسلام، ص:۵
(۷) ماخذ؛ جامع الترمذی، الایمان، باب ماجاء فی وصف جبریل، الرقم: ۲۶۱۰
(۸) ماخذ؛ جامع الترمذی، القدر، باب ماجاء فی الایمان، الرقم: ۲۱۴۵
(۹) آسان نماز (مولف مولانا عاشق الٰہی بلند شہری ص:۵۰
(۱۰) الرحمٰن:۲۶،۲۷
(۱۱) الروم:۲۷
(۱۲) الزمر:۶۸
(۱۳) صحیح المسلم، الایمان، باب ادنیٰ اھل الجنۃ منزلۃ فیھا، الرقم:۴۷۵
(۱۴) الانبیاء:۴۷
(۱۵) جامع الترمذی، صفۃ القیامۃ، باب منزلۃ دخول سبعین الف مرۃ بغیر حساب و بعض من یشفع لہ، الرقم:۲۴۳۷
(۱۶) الحاقۃ:۱۹ تا ۳۲
(۱۷) جامع الترمذی، صفۃ القیامۃ، باب فی صفۃ اوانی الحوض، الرقم:۲۴۴۲
(۱۸) تفسیر ابن کثیر ۵/۲۳۵ مریم:۷۱
(۱۹) المجادلۃ:۲۲
(۲۰) جامع الترمذی، المناقب، باب فی من سب اصحاب النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم، الرقم:۳۸۶۲

## عبادات

### حیض کا بیان

(۱) البحر، باب الحیض:۱/۱۹۰
(۲) شامی، باب الحیض:۲/۳۲۲۔شرح البدایۃ:۱/۶۲
(۳) شامی، باب الحیض:۲/۳۴۹
(۴) شرح البدایۃ:۱/۶۲
(۵) شرح التنویر:۱/۲۷
(۶) شامی، باب الحیض:۲/۳۷۰

### حیض کے احکام

(۱) بدائع الصنائع، قبیل فصل فی التیمم:۱/۴۴
(۲) شامی، باب الحیض،۱/۲۹۰۔۲۹۱
(۳) ھندیہ، الفصل الرابع فی احکام الحیض:۱/۳۸
(۴) ھندیہ، الفصل الرابع فی احکام الحیض:۱/۳۸
(۵) شامی، باب الحیض،۱/۲۹
(۶) ھندیہ، الفصل الرابع فی احکام الحیض:۱/۳۸
(۷) بہشتی زیور، ص: ۵۷۱

### جمعہ کا بیان

(۱) صحیح البخاری، الجمعۃ، باب فضل الغسل یوم الجمعۃ.... الرقم:۸۷۷
(۲) صحیح البخاری، الجمعۃ، باب الدھن للجمعۃ، الرقم:۸۸۳
(۳) صحیح البخاری، الجمعۃ، باب یلبس احسن مایجد، الرقم:۸۸۶
(۴) صحیح البخاری، الجمعۃ، باب فضل الجمعۃ، الرقم:۸۸۱
(ب) صحیح البخاری، الجمعۃ، باب القائلۃ بعد الجمعۃ، الرقم:۹۴۰
(۵) سنن النسائی، الجمعۃ، باب فضل المشی الی الجمعۃ، الرقم:۱۳۸۵
(۶) سنن الکبرٰی للبیھقی، الجمعۃ، باب ما یومر فی لیلۃ الجمعۃ و یومھا من کثرۃ الصلوٰۃ،۳/۲۴۹
(۷) سنن ابی داؤد، الصلوٰۃ، باب فضل یوم الجمعۃ، الرقم:۱۰۴۷

### سجدہ تلاوت

(۱) فتاوٰی عالمگیری، الصلوٰۃ، باب فی سجود التلاوۃ:۱/۱۳۵
(۲) فتاوٰی عالمگیری، الصلوٰۃ، باب فی سجود التلاوۃ:۱/۱۳۳
(۳) فتاوٰی عالمگیری، الصلوٰۃ، باب فی سجود التلاوۃ:۱/۱۳۲
(۴) ایضاً
(۵) ایضاً
(۶) ایضاً

PDF Compressor Free Version



# رمضان المبارک کا چارٹ

(کل نمبر 25 ہیں ہر نماز کا ایک نمبر ہے اگر پانچ نمازیں پڑھیں تو 5 نمبر)

| تاریخ | سحری 5 | روزہ 5 | قرآن کی تلاوت 5 | پانچ نمازیں 5 | تراویح 5 | حاصل کردہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | | |
| 2 | | | | | | |
| 3 | | | | | | |
| 4 | | | | | | |
| 5 | | | | | | |
| 6 | | | | | | |
| 7 | | | | | | |
| 8 | | | | | | |
| 9 | | | | | | |
| 10 | | | | | | |
| 11 | | | | | | |
| 12 | | | | | | |
| 13 | | | | | | |
| 14 | | | | | | |
| 15 | | | | | | |
| 16 | | | | | | |
| 17 | | | | | | |
| 18 | | | | | | |
| 19 | | | | | | |
| 20 | | | | | | |
| 21 | | | | | | |
| 22 | | | | | | |
| 23 | | | | | | |
| 24 | | | | | | |
| 25 | | | | | | |
| 26 | | | | | | |
| 27 | | | | | | |
| 28 | | | | | | |
| 29 | | | | | | |
| 30 | | | | | | |
| دستخط معلم ____________ | | | دستخط سرپرست ____________ | | حاصل کردہ مجموعی نمبر | |

PDF Compressor Free Version



# ماہانہ حاضری اور فیس چارٹ

| مہینہ | کل ایام تعلیم | ایام حاضری | غیر حاضری | فیس | دستخط معلّمہ | دستخط سرپرست |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جنوری | | | | | | |
| فروری | | | | | | |
| مارچ | | | | | | |
| اپریل | | | | | | |
| مئی | | | | | | |
| جون | | | | | | |
| جولائی | | | | | | |
| اگست | | | | | | |
| ستمبر | | | | | | |
| اکتوبر | | | | | | |
| نومبر | | | | | | |
| دسمبر | | | | | | |

دستخط ذمہ دار: ________________

PDF Compressor Free Version

# مکتب تعلیم القرآن الکریم کی مطبوعات

قرآن کریم | پنج پارہ | پنج پارہ | عم پارہ | نورانی قاعدہ | نورانی قاعدہ بورڈ پر پڑھانے کا طریقہ



## تربیتی نصاب برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ)



تربیتی نصاب (مستورات) | تربیتی نصاب (بالغان) | تربیتی نصاب برائے مدارس حفظ



راہنمائے اساتذہ | تربیتی نصاب برائے اسکول | مونٹیسوری (جونیئر لیول) | تربیتی نصاب برائے اسکول | معیاری مکتب کے راہنما اصول



**تربیتی نصاب** حصہ پنجم (بنات) برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ) — قیمت =/140 روپے